سوال

(20)پشاب کی چھینٹیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص پشاب کر رہا تھا۔ پشاب چھینٹیں اس کے بدن پر پڑیں اس نے فوراً پانی سے دھوڈالا، یا ڈھیلے سے سوکھا ڈالا۔ وہ شخص پاک رہے گا یا غسل کی حاجت رہے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پشاب کی چھینٹیں بدن پر پڑنے سے غسل کی کچھ ضرورت نہیں ہے، فقط اس مقام کو جہاں چھینٹیں پڑی ہیں، دھوڈالنا چاہیے۔ حررہ عبدالرحیم عفی عنہ

ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 29

محدث فتویٰ